Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. قانون یکسائی حاصل کی تعریف کریں.

Ans 1: اگر کسی شعبہ پیدائش میں عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیاں بڑھانے سے اضافہ شدہ اکائی کی مختتم پیداوار یکسال رہے تو پیداوار میں اس تبدیلی کے رجحان کو قانون یکسائی حاصل کہتے ہیں.

Q2. قانون تکثیر مصارف سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جب پیداوار کا عمل قانون تقلیل حاصل کے تابع ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار گرتی جاتی ہے تو مختتم مصارف فی اکائی بڑھتے جاتےہیں. اس لیے قانون تقلیل حاصل کو ہی قانون تکثیر مصارف کہتے ہیں.

Q3. قانون تقلیل حاصل کے چار مفروضات بیان کریں.

Ans 1: معینہ عامل کی مقدار نہ ہونا

Ans 2: طریقہ پیدائش میں تبدیل نہ ہونا

Ans 3: عاملین پیدائش کے معیاری اشتراک کی حد گزر چکی ہو.

Ans 4: محنت سرمائے کی اکائیاں یکساں معیار کی ہوں.

Q4. فرم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فرم ایک تنظیمی اکائی ہوتی ہے جو کسی کاروبار کو کنٹرول کرتی ہے. فرم کے فرائض کاروبار کی بنیاد ڈالنے سے لے کر منافع حاصل کرنے تک پھیلے ہوتے ہیں مثلا باٹا کمپنی، فلپس الیکٹریکل کمپنی.

Q5. قانون یکسائی مصارف سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جب پیداوار کا عمل قانون یکسائی حاصل کے تابع ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار یکساں رہتی ہے تو مختتم مصارف نہیں بدلتے اس لیے قانون یکسائی حاصل کو ہی قانون کیسائی مصارف کہتے ہیں.

Q6. کل پیداوار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایک فرم ایک عرصہ وقت میں کسی عامل پیدائش کی مخصوص اکائیاں لگاکر ایک خاص مقدار پیدا کرتی ہے جیسے ایک فرم محنت کی دس اکائیاں لگاکر ایک ہزار میٹر کپڑا تیار کرتی ہے. یہ ایک ہزار میٹر کپڑا اس کی کل پیداوار ہوگی.

Q7. قانون تقلیل حاصل کی تعریف کریں.

Ans 1: اگر عمل پیدائش میں عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیوں میں اضافہ کیا جائے تو کل پیداوا میں اضافہ کائیوں کی نسبت کم ہو جس کے نتیجے میں مختتم پیداوار گرتی چلی جائے تو مختتم پیداوار کے گرنے کے اس رجحان کو قانون تقلیل حاصل کہتے ہیں.

Q8. قانون تکثیر حاصل کی تعریف کریں.

Ans 1: جب کسی عمل پیدائیش میں معین عامل پیدائشکے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیاں بڑھانے سے ہر زائد اکائی پر مختتم پیداوار بڑھتی جائے تو اس رجحان کو قانون تکثیر حاصل کہا جاتا ہے.

Q9. مختتم پیداوار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عامل کی ایک زائد اکائی لگانے سے کل پیداوار میں جتنا اضافہ ہوتا ہے اسے مختتم پیداوار کہتے ہیں. مثلا اگر محنت کی دس اکائیاں لگاکر 100 میٹر کپڑا تیار ہوتا ہے اور محنت کی ایک زائد اکائی لگا نے سے یعنی محنت کی گیارہ اکائیوں کی کل پیداوار 105 میٹر ہو جائے تو گیارہویں اکائی کی پیداوار یعنی مختتم پیداوار 105-100=5ً میٹر ہوگی.

Q10. قآنؤن تقلیل مصارف کسے کہتے ہیں.

Ans 1: جب پیداوار کا عمل قانون تکثیر حاصل کے تابع ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار بڑھتی ہے تو مختتم مصارف فی اکائی کم ہوجاتے ہیں اس لیے قانون تکثیر حاصل کہ ہی قانون تقلیل مصارف کہتے ہیں.
